0505N294

Candidate's Seat No :________

M.A. Sem.-2 Examination
410
Urdu (EA)
May-2025

Time : 2-30 Hours] **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ اردو میں افسانہ نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردو میں افسانے کی ابتداء اور ارتقاء کا تفصیلی خاکہ پیش کیجئے۔

سوال : ۲ اردو افسانے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اپیندر ناتھ اشک کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

سوال : ۳ جوگیندر پال بحیثیت افسانہ نگار پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

انتظار حسین کی افسانہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال: ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) منٹو کا افسانہ "کھول دو" کا تجزیہ

(۲) جدید اردو افسانہ

(۳) ندیم احمد قاسمی کی افسانہ نگاری

(۴) عصمت چغتائی بحیثیت افسانہ نگار

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) غلام عباس کے کس افسانے میں جزئیات نگاری کی اعلیٰ مثال دیکھنے کو ملتی ہے؟

(۲) راشد الخیری کو اردو کا پہلا افسانہ نگار کون تسلیم کرتا ہے؟

(۳) پریم چند کا افسانہ "دنیا کا انمول رتن" کا سالِ تصنیف کیا ہے؟

N 294-2

(۴) جنسی اور نفسیاتی تجزیہ کس کے افسانوں میں نمایاں حیثیت رکھتا ہے؟

(۵) کن افسانہ نگاروں کے موضوعات پنجاب کے گاؤں کی دکھ بھری جذباتی زندگی سے عبارت ہیں؟

(۶) ''استعارے'' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(۷) افسانے کو ناظرین کے لیے ''ذہنی مسرت کا سامان'' کس نے کہا ہے؟

(۸) ''کچی پکی قبریں'' افسانے کے خالق کون ہیں؟

(۹) مشہور عالمی ادبی انعام ''مین بکر پرائز'' کے لئے کسے نامزد کیا گیا تھا؟

(۱۰) افسانہ ''پیشاور ایکسپریس'' کس کا تحریر کردہ ہے؟

(۱۱) ندیم احمد قاسمی کا افسانہ ''پرمیشر سنگھ'' کا موضوع کیا ہے؟

(۱۲) ''خلیفن بوا'' کا کردار عصمت چغتائی کے کس افسانے میں پایا جاتا ہے؟

---ختم شد---

0505N294-3 Candidate's Seat No :________

M.A. Sem.-2 Examination

410

Urdu (EB)

May-2025

Time : 2-30 Hours] **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ اردو میں افسانے کی ابتداء اور ارتقاء کا بتدریج خاکہ پیش کیجیے۔ ۱۴

(یا)

اردو میں افسانہ نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

سوال : ۲ جدید اردو افسانہ کیا ہے؟ اس کے فنی لوازمات پر روشنی ڈالیے۔ ۱۴

(یا)

اردو افسانے کے لازمی اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے۔

سوال : ۳ ندیم احمد قاسمی کی افسانہ نگاری کی خصوصیات کا احاطہ کیجیے۔ ۱۴

(یا)

کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔۔" اس کی وضاحت کیجیے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل سوالوں میں سے کسی بھی دو (۲) کے جوابات لکھیے۔ ۱۴

(۱) "کھول دو" کا تجزیہ

(۲) "لحاف" کا تجزیہ

(۳) سعادت حسن منٹو بحیثیت ایک معتوب افسانہ نگار

(۴) انتظار حسین کی افسانہ نگاری

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۱۴

(۱) منٹو کو اپنے اندر کے ادیب کو پہچاننے اور روسی اور فرانسیسی ادیبوں کو پڑھنے کا مشورہ کس نے دیا؟

(۲) سعادت حسن کے دوست انہیں کس نام سے پکارتے تھے؟

(۳) منٹو کا انتقال کس سن میں ہوا؟

(P.T.O.)

N 294-4

(۴) فحش نگاری کے سلسلے میں منٹو کے کس افسانہ پر مقدمہ چلا؟

(۵) "منٹو شناسی" میں کل کتنے افسانے شامل ہیں؟

(۶) منٹو جیسا ادیب پاکستان میں نہیں چلے گا؟ یہ کس نے کہا ہے؟

(۷) منٹو کو ایک بڑا آرٹسٹ اور افسانہ نگار کس نے قرار دیا ہے؟

(۸) سعادت حسن منٹو کا پہلا افسانے کا نام کیا ہے؟

(۹) منٹو کو "فکشن کے سب سے بڑے المیہ نگار اور المیہ کرداروں کے خالق" کس نے کہا ہے؟

(۱۰) منٹو نے کن جدید ماہر نفسیات کا مطالعہ کیا تھا؟

(۱۱) "آتش پارے" میں کُل کتنے افسانے ہیں؟

(۱۲) سعادت حسن منٹو کے کس افسانے میں مرکزی کردار "اُستاد منگو" کا ہے۔

---ختم شد---